# سُورَۃُ السَّجْدَۃِ

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر1۔ درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

1۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ رات کو سوتے ہوئے تلاوت فرماتے: 091112001

(الف) سورۃ القصص کی (ب) سورۃ آلِ عمران کی (ج) سورۃ البقرہ کی (د) سورۃ السجدہ کی

2۔ اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے بھیجتا ہے: (بورڈ2023ء) 091112002

(الف) من وسلویٰ (ب) راحت (ج) چھوٹے عذاب (د) شادمانی

3۔ صبر کرنے والوں اور اللہ تعالیٰ کی آیات پر یقین رکھنے والوں کو بنایا جاتا ہے: 091112003

(الف) فرشتہ (ب) صاحبِ ثروت (ج) صابر (د) رہنما

4۔ سنت نبوی کے مطابق جمعہ کے دن سورۃ السجدہ پڑھنی چاہیے: 091112004

(الف) فجر کی نماز میں (ب) جمعہ کی نماز میں (ج) مغرب کی نماز میں (د) عشاء کی نماز میں

5۔ اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرنے والے اور نافرمانی کرنے والے نہیں ہو سکتے: 091112005

(الف) نرم دل (ب) برابر (ج) کامیاب (د) ناکام

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

6۔ سورۃ السجدہ ہے: 091112006

(الف) مکی سورت (ب) مدنی سورت (ج) منفرد سورت (د) طویل سورت

7۔ سورۃ السجدہ کی آیات ہیں: 091112007

(الف) 25 (ب) 30 (ج) 135 (د) 69

8۔ سورۃ السجدہ کی آیت میں سجدہ ہے: 091112008

(الف) آیت پچیس میں (ب) آیت سترہ میں (ج) آیت پندرہ میں (د) آیت اکیس میں

9۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو خاص محبت تھی: 091112009

(الف) سورۃ مریم سے (ب) سورۃ طٰہٰ سے (ج) سورۃ السجدہ سے (د) سورۃ سبا سے

10۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کے مطابق حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ سونے سے پہلے ضرور تلاوت فرماتے: 091112010

(الف) سورۃ السجدہ کی (ب) سورۃ یٰسٓ کی (ج) سورۃ طٰہٰ کی (د) سورۃ فاطر کی

11۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نماز فجر کی پہلی رکعت میں اکثر سورۃ السجدہ کی تلاوت فرماتے تھے: 091112011

(الف) منگل کے دن (ب) جمعرات کے دن (ج) پیر کے دن (د) جمعہ کے دن

www.ilmkidunya.com

091112012
12۔ سورۃ السجدۃ میں ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے:
(الف) رسولوں پر (ب) قرآن مجید پر (ج) آخرت پر (د) فرشتوں پر

091112013
13۔ اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے کہ وہ باز آ جائیں:
(الف) جھوٹ بولنے سے (ب) لوگوں کو تنگ کرنے سے (ج) گناہوں سے (د) ظلم کرنے سے

091112014
14۔ قرآن مجید نازل کیا گیا ہے تا کہ لوگوں کو خبر دار کیا جائے:
(الف) طوفان سے (ب) زلزلوں سے (ج) برے وقت سے (د) آخرت سے

جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | 5 | الف | 4 | د | 3 | ج | 2 | د | 1 |
| الف | 10 | ج | 9 | ج | 8 | ب | 7 | الف | 6 |
| | | د | 14 | ج | 13 | ب | 12 | د | 11 |

## مشقی مختصر سوالات کے جوابات

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیجیے۔

091112015
س1۔ سورۃ السجدہ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟
جواب: سورۃ السجدہ کی آیت پندرہ (15) آیت سجدہ ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ السجدہ ہے۔

091112016
س2۔ سورۃ السجدہ کی ایک فضیلت تحریر کیجیے۔
جواب: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ جمعہ کے دن نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں اکثر سورۃ السجدہ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (صحیح بخاری:1068)

091112017
س3۔ سورۃ السجدہ کا خلاصہ لکھیے۔
جواب: سورۃ السجدہ کا خلاصہ ''اسلام کے بنیادی عقائد توحید، رسالت اور آخرت کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب'' ہے۔

091112018
س4۔ سورۃ السجدہ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔
جواب: i۔ قرآن مجید اس لیے نازل کیا گیا ہے تا کہ لوگوں کو آخرت کے بارے میں خبر دار کیا جائے اور سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دی جائے۔ (سورۃ السجدۃ:3)
ii۔ اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے تا کہ وہ گناہوں سے باز آئیں۔ (سورۃ السجدۃ:21)

## اضافی مختصر سوالات کے جوابات

091112019
س5۔ سورۃ السجدہ مکی ہے یا مدنی نیز اس میں کتنی آیات ہیں؟
جواب: سورۃ السجدہ مکی سورت ہے۔ اس میں تیس (30) آیات ہیں۔

091112020
س6۔ سورۃ السجدہ کی کون سی آیت ''آیت سجدہ'' ہے؟
جواب: سورۃ السجدہ کی آیت پندرہ (15) آیت سجدہ ہے۔

091112021
س7۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کن سورتوں کی تلاوت سے قبل نہ سوتے؟
جواب: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ رات کو اس وقت تک نہ سوتے جب تک ''سورۃ السجدہ'' اور ''سورۃ الملک'' کی تلاوت نہ فرما لیتے۔ (الجامع الصغیر:6903)

www.ilmkidunya.com

091112022
س8۔ نبی کریم خَاتَم النَّبِیِّین ﷺ کس نماز میں سورۃ السجدہ کی تلاوت فرماتے تھے؟
جواب: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَم النَّبِیِّین ﷺ جمعہ کے دن نماز فجر کی پہلی رکعت میں اکثر سورۃ السجدہ کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

091112023
س9۔ سورۃ السجدہ کے مختلف نام لکھیں۔
جواب: اس سورت کا نام سورۃ ''تنزیل السجدۃ'' اور ''الٓم السجدۃ'' بھی بیان کیا گیا ہے۔

091112024
س10۔ سورۃ السجدہ کے مطابق اللہ کن لوگوں کو جہنم میں ڈال کر فراموش کردے گا؟
جواب: جو شخص دنیا میں مگن ہو کر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو بھلا دیتا ہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بھی اسے جہنم میں ڈال کر فراموش کردے گا۔

091112025 (بورڈ2023ء)
س11۔ اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو رہنما بناتا ہے؟
جواب: صبر کرنے والوں اور اللہ تعالیٰ کی آیات پر یقین رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ لوگوں کا رہنما بناتا ہے۔

091112026
س12۔ سورۃ السجدہ کے کوئی سے دو مضامین لکھیں۔
جواب: (i) سورۃ السجدہ میں قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے۔ (ii) اس سورت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے۔ تاکہ لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔

## مشقی تفصیلی سوالات

تفصیلی جواب دیجیے۔

091112027
سوال نمبر3۔ سورۃ السجدہ پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ ''یا'' سورۃ السجدہ کا تعارف، مضامین اور اہم نکات تحریر کریں۔

### تعارف

**مکی/مدنی:**
سورۃ السجدہ مکی سورت ہے۔

**آیات:**
اس کی تیس (30) آیات ہیں۔

**وجہ تسمیہ:**
سورۃ السجدہ کی آیت پندرہ (15) آیت سجدہ ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ السجدہ ہے۔

**فضیلت:**
سورۃ السجدہ سے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَم النَّبِیِّین ﷺ کو خاص محبت تھی۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ خَاتَم النَّبِیِّین ﷺ رات کو اس وقت تک نہ سوتے جب تک سورۃ السجدۃ اور سورۃ الملک کی تلاوت نہ فرما لیتے۔ (الجامع الصغیر:6903)

**صبح کی نماز (فجر) میں تلاوت:**
حضرت محمد رسول اللہ خَاتَم النَّبِیِّین ﷺ جمعہ کے دن نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں اکثر سورۃ السجدہ کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (صحیح بخاری:1068)

**سورت کے مختلف نام:**
اس سورت کا نام ''تنزیل السجدۃ'' اور ''الٓم السجدۃ'' بھی بیان کیا گیا ہے۔

www.ilmkidunya.com

خلاصہ: سورۃ السجدۃ کا خلاصہ ''اسلام کے بنیادی عقائد توحید، رسالت اور آخرت کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب'' ہے۔

## مضامین

**قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت:**

سورۃ السجدہ میں قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے۔

**توحید اور آخرت پر دلائل:**

سورۃ السجدہ میں توحید اور آخرت کے دلائل بیان کیے گئے ہیں۔ منکرین قیامت کے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔

**رجوع الٰہی:**

اس سورت میں بتایا گیا ہے اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے تاکہ وہ گناہوں سے باز آجائیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرلیں۔

**آخرت کا انجام:**

قیامت کے دن اچھے اور برے لوگوں کا کیا انجام ہونے والا ہے اس سورت میں وضاحت سے بتا دیا گیا ہے۔

## علمی اور عملی نکات

سورۃ السجدہ کا مطالعہ کرنے سے جو علمی و عملی نکات معلوم ہوتے ہیں ان میں سے کچھ یہ ہیں:

**قرآن مجید کی وجہ نزول:**

قرآن مجید اس لیے نازل کیا گیا ہے تاکہ لوگوں کو آخرت کے بارے میں خبردار کیا جائے اور سیدھے راستے کی طرف ہدایت دی جائے۔ (سورۃ السجدۃ:3)

**تمام معاملات کا انتظام:**

اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو پیدا کیا اور وہی کائنات کے تمام معاملات کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔ (سورۃ السجدۃ:5-4)

**اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو بھول جانا:**

جو شخص دنیا میں مگن ہو کر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو بھلا دیتا ہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بھی اسے جہنم میں ڈال کر فراموش کر دے گا۔ (سورۃ السجدۃ:14)

**فرماں بردار اور نافرمان:**

اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرنے والے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والے برابر نہیں ہو سکتے۔ (سورۃ السجدۃ:20-19)

**عذاب سے پہلے خبردار:**

اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے تاکہ وہ گناہوں سے باز آئیں۔ (سورۃ السجدۃ:21)

**لوگوں کا رہنما:**

صبر کرنے والوں اور اللہ تعالیٰ کی آیات پر یقین رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ لوگوں کا رہنما بناتا ہے۔ (سورۃ السجدۃ:24)

www.ilmkidunya.com